22.2۔ مجلس اقوام کا قیام

پہلی جنگ عظیم (18-1914ء) کے خاتمہ پر ورسیلیز معاہدہ عمل میں آیا۔ 11/جنوری 1920ء کو مجلس اقوام کا قیام عمل میں آیا جو کہ ایک امن کا ادارہ تھا۔

22.2.1- مقاصد

1) مذاکرات کے ذریعہ مسائل کو حل کرنا

2) جنگوں کی روک تھام کرنا

3) ہتھیاروں کی تیاری کو کم کرنا

- ❖ پہلی جنگ عظیم 18-1914ء
- ❖ مجلس اقوام کا قیام 1920ء
- ❖ دوسری جنگ عظیم 45-1939ء
- ❖ مجلس اقوام متحدہ کا قیام 1945ء

کارکردگی: مجلس اقوام نے ممبر ممالک کے آپسی تنازعات کو حل کیا۔

- ☆ بالٹک سمندر میں موجود جزیرہ آلافڈ جو کہ سویڈن اور فن لینڈ کے مابین تنازعہ تھا، اس کو حل کیا۔
- ☆ جرمنی اور پولینڈ کے مابین Silesia سرحد کے تنازعہ کو حل کیا۔
- ☆ یونان (Greece) اور بلغاریہ کے مابین سرحد کے تنازعہ کو حل کیا۔
- ☆ مجلس اقوام نے انسانیت، سماجی اور خدماتی شعبوں میں اپنی خدمات انجام دی ہیں۔
- ☆ ILO بین الاقوامی مزدور تنظیم کے ذریعہ مزدوروں کا وقار بلند کیا۔

ناکامیاں

- ☆ اس تنظیم نے اپنے اصل ہدف یعنی سیاسی میدان میں اپنی کارکردگی دکھانے میں ناکامی حاصل کی۔
- ☆ اس تنظیم کو تخفیف اسلحہ کو حاصل کرنے میں ناکامی ہوئی۔
- ☆ مجلس اقوام کی کچھ ناکامیاں
  - ◆ جاپان کے منچوریا پر حملے (1931ء) کو روکنے میں ناکام ہوئی۔
  - ◆ مسولینی (اٹلی) کا ابی سینیا (Abyssinia) پر حملہ (1935ء) کو روکنے میں ناکام ہوئی۔
  - ◆ ہٹلر کے حملوں کو روکنے میں ناکامی۔